رہبر معظم کی موجودگی میں فوجی یونیورسٹیوں کے فوجی جوانوں کی حلف برداری کی تقریب - 24 /Dec/ 2006

رہبر معظم انقلاب اسلامی اور مسلح افواج کے کمانڈر انچیف حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی موجودگي میں آج سہ پہر کو امام علی فوجی یونیورسٹی میں فوجی یونیورسٹیوں کے چوتھے مشترکہ تربیتیکیمپ کے فوجی جوانوں کی حلف برداری اور نشان عطا کرنے کی تقریب منعقد ہوئیۃ

اس تقریب کے آغاز میں رہبر معظم انقلاب اسلامی نے شہداء کے عالی مقام کا احترام کیا اور ان کے لئے سورہ فاتحہ کی تلاوت فرمائی اس موقع پرگراؤنڈ میں موجود فوجی دستوں نے انھیں سلامی پیش کی ۔

رہبر معظم نے اس تقریب میں درست اور صحیح راستے کے انتخاب اور اس پر مسلسل گامزن رہنے کے عزم راسخ کو اہداف تک پہنچنے کے لئے ضروری قراردیتے ہوئے فرمایا: اسلامی جمہوریہ ایران کی فوج پختہ عزم کے حامل انسان کو مقام قدسی تک پہنچا سکتی ہے جہاں تک پہنچنے کے لئےخدا وند متعال کے مقرب اور صالح بندوں کی آرزو اور تمنا ہوتی ہےۃ

رہبر معظم نے یونیورسٹیوں کے طلباء کے نشان کو خدا کی راہ میں ان کی مجاہدت کا آغاز قراردیتے ہوئے فرمایا: جوان فوجیوں کا پختہ عزم و ارادہ اور اسلامی جمہوریہ ایران میں آپ کی ترقی، پیشرفت اور بالندگی کے لئے مناسب ماحول اور اچھی فضا موجود ہےۃ

رہبر معظم نے فرمایا: اسلامی جمہوریہ ایران کا مقدس نظام آج اس تحریک کا ہر اول دستہ ہے جس کی امت اسلامی منتظر ہے ۔

اس تقریب میں امام علی یونیورسٹی کے کمانڈر میجر جنرل رشید زادہ نے یونیورسٹی کے پروگراموں اور فوجی جوانوں کی تربیت اور چوتھے مرحلے میں فوجی یونیورسٹیوں کے جوانوں کی مشترکہ ٹریننگ کے سلسلے میں رپورٹ پیش کی ۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نےاس تقریب میں بعض جانبازوں ، دفاع مقدس کے اسراء ، شہداء کے خاندان والوں ، اساتید اور طلباء کو نشان عطا کیا ۔

اس تقریب کے اختتام پر گراؤنڈ میں موجود دستوں نے رہبر معظم کے سامنےاپنی فوجی صلاحیتوں اور پریڈ کا شاندار مظاہرہ کیا ۔